سوال

(1159)ماں کی لاپروائی کی وجہ سے بچہ رو رو کر فوت ہو جائے تو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ماں نے اپنی دودھ پیتی بچی کو بستر میں لٹایا اور خود دوسرے بچوں کے ہاں چلی گئی، حتیٰ کہ وہ بھی سوگئے اور اسے بھی نیند آگئی تو ان کے ساتھ سوگئی۔ جاگنے پر معلوم ہوا کہ بچی بہت زیادہ روتی رہی ہے، اس پر اس کے روزے کا اثر نمایاں تھا، پھر اسے ہسپتال لے جایا گیا تو وہ کئی دن سوتی رہی، اور پھر اس وجہ سے فوت ہوگئی۔ سوال یہ ہے کہ ماں پر کوئی کفارہ وغیرہ ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اگر معاملہ فی الواقع ایسے ہی ہے جیسے کہ سائل نے ذکر کیا ہے تو ماں پر کچھ نہیں ہے۔ کیونکہ ماں نے کوئی ایسا کام نہیں کیا ہے جس سے اس کی موت ہوئی ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 810

محدث فتویٰ